سوال

السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ۔۔۔۔کیا یہ حدیث "عن عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما قال, قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "يد الله مع الجماعة" رواه البخاري" صحیح ہے اورامام بخاری نے روایت کی ہے؟ اور کس کتاب میں؟؟؟

جواب

حدیث مبارکہ "يد الله مع الجماعة" کی تحقیق وتخریج السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا یہ حدیث مبارکہ "يد الله مع الجماعة" صحیح ہے اورامام بخاری نے روایت کی ہے؟ اور کس کتاب میں۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ حدیث مبارکہ صحیح ہے، امام البانی نے اسے صحیح قرار دیا ہے، لیکن یہ مجھے بخاری میں کہیں نہیں ملی ہے۔ یہ سنن ترمذی (2166) کے ساتھ دیگر اور کتب میں موجود ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی